# فہم القرآن

## خط وکتابت کورس

(برائے مرد حضرات)

از ڈاکٹر ادریس زبیر

حضرت عثمانؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

**خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ**

”تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے“

[صحیح البخاری:5027]

**الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان**

اسلام آباد: 7۔اے کے بروہی روڈ، H-11/4، اسلام آباد

فون نمبر: 9-4866125 (92-51) | (92-331) 7556222

ccourse.isb@alhudapk.com

کراچی: 59-E، خیابانِ سحر، DHA فیز 6، کراچی

فون: +92-335-3964629 | +92-21-35171136-8

acd.dept.khi@alhudapk.com | cc.dept.khi@alhudapk.com

www.alhudapk.com | www.farhathashmi.com

- طالب علم کو رجسٹریشن لیٹر کے ساتھ ہی ابتدائی 5 پاروں کی اسائنمنٹس بھیج دی جاتی ہیں۔اس کے بعد اگلی اسائنمنٹس حاصل کرنے کے لیے طالب علم کو شعبہ خط وکتابت کو اطلاع دینی ہوگی۔

## اسائنمنٹ حل کرنے کا طریقہ:

- اسائنمنٹ حل کرنے سے پہلے پرچہ پر اپنا نام، رجسٹریشن نمبر اور تاریخ لکھیں۔
- اسائنمنٹ کو غور سے پڑھیں اور پورے سکون واطمینان کے ساتھ جواب لکھیں۔
- اسائنمنٹ حل کرنے کے لیے اسباق کا سننا لازمی ہے۔
- اسائنمنٹ کو حل کرنے کے لیے آپ اپنا ترجمے والا قرآن اور نوٹس کھول سکتے ہیں۔اور درست جواب دینے کے لیے سبق دوبارہ بھی سن سکتے ہیں۔
- اسائنمنٹ حل کرنے کے بعد تصحیح کے لیے شعبہ خط وکتابت کو بھیج دیں اور اگلی اسائنمنٹس منگوا لیں اور اسی تسلسل کے ساتھ کورس کی تکمیل کریں۔
- اردو کے علاوہ کسی دوسری زبان میں اسائنمنٹ حل کرنے کی خواہش رکھنے کی صورت میں ادارے کو پیشگی اطلاع دیں۔

## امتحانات:

- ہر اسائنمنٹ میں کم از کم 80% نمبر حاصل کرنے ضروری ہیں۔بصورت دیگر ری ٹیسٹ دینا ہوگا۔
- کورس میں کامیاب ہونے والے طالب علم کو فہم القرآن سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## فہم القرآن خط و کتابت کورس

(از ڈاکٹر ادریس زبیر)

داخلہ فارم بذریعہ ای میل یا فون (واٹس ایپ) منگوایا جاسکتا ہے۔

داخلہ فارم منگوانے کے لیے اس فون نمبر یا ای میل پر رابطہ کریں۔

**فون نمبر:** 0331-7556222

**ای میل** ccourse.isb@alhudapk.com

داخلہ فارم درست اور مکمل پُر کر کے submit کریں۔

داخلہ فارم موصول ہونے پر **Blinq System** کی طرف سے آپ کو ایک چالان فارم/ Voucher بذریعہ **ای میل** بھجوایا جائے گا۔

فہم القرآن کورس کے رجسٹریشن چارجز درج ذیل ہیں۔

**اندرونِ ملک:** 1000/- روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک:** 30 ڈالر (امریکی) یا اس کے مساوی

ان چارجز میں Blinq کے چارجز Rs.40/- بھی جمع کیے جائیں گے۔

فیس کا چالان فارم blinq کی لسٹ میں دیئے گئے کسی بھی بنک میں جا کر جمع کروایا جا سکتا ہے یا کسی بھی بنک کی موبائل فون ایپ یا ایزی پیسہ یا جاز کیش کے ذریعے آن لائن جمع کروایا جا سکتا ہے۔ کوشش کریں کہ چالان فارم موصول ہوتے ہی فیس جلد از جلد چالان فارم پہ دی گئی due date کے اندر اندر جمع کروا دیں۔

بیرون ملک سے فیس بھجوانے کے لیے blinq کے علاوہ الھدیٰ کے مندرجہ ذیل فیس پورٹل پر کلک کر کے دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کیا جا سکتا ہے۔ اس میں اپنے چالان فارم/ voucher کا نمبر ڈالنا ضروری ہوگا۔

**https://www.alhudapk.com/OR**

فیس موصول ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر آپ کو رجسٹریشن لیٹر بھیج دیا جائے گا۔

نوٹ: ایسے مستحق افراد جو فیس ادا نہ کر سکتے ہوں انکے رجسٹریشن چارجز ادارہ زکوۃ یا صدقات فنڈ سے ادا کرے گا اس صورت میں ضرورت مند افراد داخلہ فارم میں سپانسر شپ کے لیے درخواست کریں اور اس کی وجہ بھی ضرور تحریر کریں۔

## تعارفِ الھدیٰ

**الھدیٰ** انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن اسلام آباد، پاکستان خالص علمی بنیادوں پر اسلامی تعلیم کے فروغ اور خدمتِ خلق کے کاموں میں ہر طرح کی مذہبی گروہ بندی اور فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر 1994ء سے فعال کردار ادا کر رہا ہے۔

قرآن و سنت کی باقاعدہ تعلیم کے لیے جدید طرز پر درس و تدریس کا انتظام کیا گیا ہے جس کا دائرہ کار پاکستان کے علاوہ بیرونی ممالک تک وسیع ہو چکا ہے فاؤنڈیشن کے قائم کردہ انسٹی ٹیوٹ اور برانچز میں متعدد کورسز پیش کیے جاتے ہیں۔

اس کے علاوہ قرآن فہمی کے خواہش مند خواتین و حضرات جو کسی حقیقی مجبوری کی وجہ سے ادارے میں آ کر تعلیم حاصل نہیں کر سکتے ان کی سہولت کے لیے الھدیٰ انٹرنیشنل خط و کتابت کے ذریعے مختلف کورسز پیش کرتا ہے۔

## فہم القرآن خط و کتابت کورس

مختصر دورانیہ کا یہ کورس قرآن مجید کے بامحاورہ ترجمہ اور مختصر وضاحت پر مبنی ہے۔

اس کورس کا اِجراء ان افراد کے لیے کیا گیا ہے جو شوق کے باوجود قرآن مجید پڑھنے اور سمجھنے کے لیے زیادہ وقت نہیں دے سکتے۔

### مقاصد:

- قرآن مجید کے معانی اور مفہوم جاننا، تقویٰ بڑھانا، عبادات اور اخلاق میں بہتری لانا۔
- قرآن مجید کی مزید تعلیم حاصل کرنے کے لیے تیار کرنا۔

### اہلیت:

کسی بھی عمر اور شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد جو اردو لکھنا پڑھنا جانتے ہوں اس کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

### نصاب:

قرآن مجید (مکمل) بامحاورہ ترجمہ و مختصر وضاحت: اس کو ڈاکٹر ادریس زبیر کے فہم القرآن 2019 (کینیڈا) کے لیکچرز کی مدد سے سنا جائے گا جو الھدیٰ ویب سائٹس www.idreeszubair.com/ www.farhathashmi.com اور الھدیٰ ایپ (Quran for All) میں موجود ہیں۔ (ہر پارہ کا دورانیہ تقریباً دو سے اڑھائی گھنٹے ہے)۔

### کورس کی مدت:

کورس کا دورانیہ 30 ہفتے (7 ماہ) ہے۔ ہر ہفتہ ایک پارہ مکمل کریں۔ اس مدت میں طلبہ کی سہولت کے لیے تھوڑی بہت کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔ **ایک سال کی مدت میں کورس مکمل نہ کرنے** کی صورت میں رجسٹریشن **فیس دوبارہ** ادا کر کے ری رجسٹریشن کرانا ہوگی۔

## رجسٹریشن چارجز

**اندرونِ ملک:** 1000/- روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک:** 30 ڈالر (امریکی) یا اس کے مساوی

ان چارجز میں Blinq service کے کچھ اضافی چارجز بھی جمع کیے جائیں گے۔

کورس کی فیس آپ کو بھیجے گئے چالان فارم / voucher کیساتھ جمع کرانی ہو گی۔

### کورس کا طریقہ کار:

- کورس میں داخلہ لینے پر طالب علم کو ایک رجسٹریشن نمبر دیا جاتا ہے اور کورس کے بارے میں ہدایات دی جاتی ہیں۔
- اس کورس کے لیے فہم القرآن 2019 (کینیڈا) از ڈاکٹر ادریس زبیر کے تمام لیکچرز کا سننا ضروری ہے۔ تفسیر سنتے وقت کوئی بھی بامحاورہ ترجمہ و مختصر وضاحت والا قرآن اپنے سامنے رکھیں۔
- اہم آیات ہائی لائٹ کر لیں۔
- تفسیر کے اہم نکات الگ ڈائری میں نوٹ کرتے جائیں۔

### اسائنمنٹ:

طلبہ کا فہم جانچنے کے لیے ہر پارہ کی اسائنمنٹ حل کروائی جاتی ہے۔